www.jang.com.pk

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ

THE DAILY JANG RAWALPINDI

روزنامہ جنگ راولپنڈی

رجسٹرڈ نمبر NPR-002

فون 5962449، 5962444 فیکس 5962277

بانی...... میر خلیل الرحمٰن

صفحات 8 قیمت 30 روپے

LOCAL EDITION SATURDAY FEBRUARY 24, 2024

جلد 66 | ہفتہ 13 شعبان المعظم 1445ھ 24 فروری 2024ء 13 پھاگن 2080ب | نمبر 55

# شہری پاسپورٹ کیلئے خوار، وفاقی محتسب نے ایک ہفتے میں رپورٹ طلب کرلی

## عملے کو ہفتہ و اتوار کو بھی آنے کی ہدایت، معائنہ ٹیموں کے پاسپورٹ دفاتر کے دورے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیموں نے جمعہ کو اسلام آباد، لاہور، کراچی، کوئٹہ، پشاور، فیصل آباد، ملتان اور ایبٹ آباد میں پاسپورٹ دفاتر کے دورے کر کے وہاں پاسپورٹ کے حصول کے لئے آئے ہوئے افراد کی شکایات سنیں اور ان کے ازالہ کے لئے موقع پر ہی پاسپورٹ انتظامیہ کو ہدایات جاری کیں۔ پاسپورٹ دفاتر میں ہزاروں کی تعداد میں افراد نے معائنہ ٹیموں کو بتایا کہ وہ تین تین چار چار ماہ سے پاسپورٹ کے حصول کے لئے پاسپورٹ دفاتر کے چکر لگا رہے ہیں۔ وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیموں نے پاسپورٹ انتظامیہ کے ساتھ اجلاس کر کے انہیں لاکھوں کے بیک لاگ ختم کرنے کی ہدایات دیں۔ معائنہ ٹیمیں پیر تک اپنی تفصیلی رپورٹیں وفاقی محتسب کو پیش کریں گی۔ وفاقی محتسب نے پاسپورٹ انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ وہ تعطیل کے ایام (ہفتہ اور اتوار) میں بھی دفتر آ کر بیک لاگ ختم کریں اور ایک ہفتے کے اندر وفاقی محتسب کو رپورٹ پیش کریں۔

DAILY DUNYA ISLAMABAD www.dunya.com.pk
روزنامہ دنیا اسلام آباد
بانی ایڈیٹر انچیف میاں عامر محمود
SATURDAY, FEBRUARY 24, 2024
جلد نمبر 29 | ہفتہ 13 شعبان المعظم 1445ھ 24 فروری 2024۔ 13 پھاگن 2080 ب | شمارہ 353
فون نمبر: 051-2891830 فیکس نمبر 051-2891814 | صفحات 10 قیمت 30 روپے

روزنامہ دنیا اسلام آباد، ہفتہ، 24 فروری 2024ء

# پاسپورٹ دفاتر چھٹی کے روز بھی کام کریں، وفاقی محتسب

اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیموں نے گزشتہ روز اسلام آباد، لاہور، کراچی، کوئٹہ، پشاور، فیصل آباد، ملتان اور ایبٹ آباد میں پاسپورٹ دفاتر کے دورے کر کے وہاں پاسپورٹ کے حصول کیلئے آئے ہوئے افراد کی شکایات سنیں۔ معائنہ ٹیموں نے پاسپورٹ انتظامیہ کو لاکھوں کا بیک لاگ ختم کرنے کی ہدایات دیں۔ وفاقی محتسب نے پاسپورٹ انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ وہ تعطیل کے ایام (ہفتہ اور اتوار) کو بھی دفتر آ کر بیک لاگ ختم کریں اور ایک ہفتے میں رپورٹ پیش کریں۔

لاہور، راولپنڈی/اسلام آباد، کراچی، پشاور، کوئٹہ، فیصل آباد اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Daily Nai Baat

روزنامہ نئی بات اسلام آباد

چیف ایڈیٹر چوہدری عبدالرحمن

جلد 13 | ہفتہ 13 شعبان المعظم 1445ھ 24 فروری 2024ء 13 پھاگن 2080 ب | صفحات 10 | قیمت 30 روپے | شمارہ 15

www.naibaat.com e-mail: nb@naibaat.com

Saturday 24 February 2024

# وفاقی محتسب کے آٹھ بڑے شہروں میں پاسپورٹ دفاتر کے دورے

اسلام آباد (نئی بات نیوز) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیموں نے گزشتہ روز اسلام آباد، لاہور، کراچی، کوئٹہ، پشاور، فیصل آباد، ملتان اور ایبٹ آباد میں پاسپورٹ دفاتر کے دورے کر کے وہاں پاسپورٹ کے حصول کے لئے آئے ہوئے افراد کی شکایات سنیں اور ان کے ازالے کے لیے موقع پر ہی پاسپورٹ انتظامیہ کو ہدایات جاری کیں۔ پاسپورٹ دفاتر میں ہزاروں کی تعداد میں کسٹمرز نے معائنہ ٹیموں کو بتایا کہ وہ تین تین چار چار ماہ سے پاسپورٹ کے حصول کے لئے پاسپورٹ دفاتر کے چکر لگا رہے ہیں۔ بعض بیرون ملک سفر کرنے والے مسافروں نے بتایا کہ ان کے ویزوں کی مدت بھی ختم ہو گئی ہے اور ارجنٹ فیس ادا کرنے کے باوجود بھی انہیں پاسپورٹ جاری نہیں کئے گئے۔ وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیموں نے پاسپورٹ انتظامیہ کے ساتھ اجلاس کر کے انہیں لاکھوں کے بیک لاگ کو ختم کرنے کی ہدایات دیں۔ معائنہ ٹیمیں بہت جلد اپنی تفصیلی رپورٹیں وفاقی محتسب کو پیش کریں گی۔ وفاقی محتسب نے پاسپورٹ انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ وہ تعطیل کے ایام (ہفتہ اور اتوار) میں بھی دفاتر کھول کر بیک لاگ ختم کریں اور ایک ہفتے کے اندر وفاقی محتسب کو رپورٹ پیش کریں۔

نیو
HD نیوز
00:00 خبریں 00:05 پی ایس ایل کا سلطان
01:00 خبریں، ہیڈ لائنز 01:05
02:00 خبریں، ہیڈ لائنز 02:05
03:00 خبریں 04:00 خبریں 04:03 پاکستان پوچھتا ہے

ہمارے لیے اللہ ہی کافی ہے اور وہی سب سے بہتر کارساز ہے (القرآن)

★★★★★★ 051-2609511

روزنامہ پاکستان راولپنڈی

چیف ایڈیٹر: مجیب الرحمٰن شامی

THE DAILY PAKISTAN RAWALPINDI

ایڈیٹر: عمر مجیب شامی

جلد 34 | ہفتہ 13 شعبان المعظم 1445ھ 24 فروری 2024ء 12 پھاگن 2080 بکرمی صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ 351

# سینئر مشیر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کراچی کا پاسپورٹ آفس کراچی کا دورہ

## محتسب سیکرٹریٹ کراچی کی ٹیم نے مختلف کاؤنٹرز کا دورہ کرکے سہولیات کا معائنہ کیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سینئر مشیر اور انچارج سید انوار حیدر اور ایسوسی ایٹ ایڈوائزر ریاض احمد میمن، وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کراچی نے 23 فروری 2024 کو پاسپورٹ آفس صدر کراچی کا دورہ کیا۔ محتسب سیکرٹریٹ کراچی کی ٹیم نے پاسپورٹ آفس کے مختلف کاؤنٹرز کا دورہ کرکے سہولیات کا معائنہ کیا اور درخواست گزاروں کو درپیش مسائل کے بارے میں دریافت کیا۔ زیادہ تر شکایات پاسپورٹ کی پرنٹنگ اور ڈیلیوری میں غیر ضروری تاخیر سے متعلق تھیں۔ (بقیہ صفحہ 16 پر)

16 | پاسپورٹ | بقیہ

جس پر سینئر ایڈوائزر نے متعلقہ حکام کو پاسپورٹ کی فراہمی میں تیزی لانے کی ہدایت کی۔ انوار حیدر نے حکام کو حفاظتی انتظامات کو بہتر بنانے اور درخواست گزاروں کے لئے اضافی ونگ کا قیام بنانے کی بھی ہدایت کی۔ بعد ازاں ایک بریفنگ میں حکام نے کراچی کے مختلف دفاتر کے بارے میں فاضل مشیر کو بتایا کہ روزانہ 2500 کے قریب درخواستیں موصول ہوتی ہیں جن کے لیے عملے اور جگہ کی کمی کا سامنا ہے۔ مزید یہ کہ نادرا کی اسی طرح کی طرز پر پاسپورٹ اتھارٹی بنانے کی تجویز بھی زیر بحث آئی۔ سید انوار حیدر نے لوگوں کی تکالیف اور شکایات کو کم کرنے کے لیے اپنی ہر ممکن مدد اور تعاون کا یقین دلایا۔

ABC CERTIFIED

لاہور، اسلام آباد، گوجرانوالہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

Member APNS CPNE


Daily Sarzameen Lahore

روزنامہ سرزمین لاہور

چیف ایڈیٹر صفدر علی خان

ایڈیٹر رانا فہد صفدر خان

ہفتہ 13 شعبان المعظم 1445ھ 24 فروری 2024ء 13 پھاگن 2080ب



وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم پاسپورٹ آفس اسلام آباد میں کسٹمرز کی شکایات سن رہی ہیں

# وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیموں کے اسلام آباد، لاہور، کراچی، پشاور اور کوئٹہ سمیت آٹھ بڑے شہروں میں پاسپورٹ دفاتر کے دورہ جات وفاقی محتسب نے تعطیل کے ایام میں بھی کام کرکے بیک لاک ختم کرنے کی ہدایت کردی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیموں نے گزشتہ روز (جمعہ) اسلام آباد، لاہور، کراچی، کوئٹہ، پشاور، فیصل آباد، ملتان اور ایبٹ آباد میں پاسپورٹ دفاتر کے دورے کرکے وہاں پاسپورٹ کے حصول کے لئے آئے ہوئے افراد کی شکایات سنیں اور ان کے ازالہ کے لئے موقع پر ہی پاسپورٹ انتظامیہ کو ہدایات جاری کیں۔ پاسپورٹ دفاتر میں ہزاروں کی تعداد میں کسٹمرز نے معائنہ ٹیموں کو بتایا کہ وہ تین تین چار چار ماہ سے پاسپورٹ کے حصول کیلئے پاسپورٹ دفاتر کے چکر لگا رہے ہیں۔ بعض بیرون ملک سفر کرنے والے مسافروں نے بتایا کہ ان کے ویزوں کی مدت بھی ختم ہوگئی ہے اور ارجنٹ فیس ادا کرنے کے باوجود بھی انہیں پاسپورٹ جاری نہیں کئے گئے۔ وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیموں نے پاسپورٹ انتظامیہ کے ساتھ اجلاس کرکے انہیں لاکھوں کے بیک لاک ختم کرنے کی ہدایات دیں۔ معائنہ ٹیمیں پیر تک اپنی تفصیلی رپورٹیں وفاقی محتسب کو پیش کریں گی۔ وفاقی محتسب نے پاسپورٹ انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ وہ تعطیل کے ایام (ہفتہ اور اتوار) میں بھی دفتر آکر بیک لاک ختم کریں اور ایک ہفتے کے اندر وفاقی محتسب کو رپورٹ پیش کریں۔